© rasailojaraid.com



# قواعد وضوابط، ہدایات برائے مسئولین امتحانی

مولانا عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر وفاق

---

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم ناظم اعلیٰ وفاق کی جانب سے امتحانات سے متعلق قواعد وضوابط اور ہدایات پر مشتمل مکتوب مسئولین امتحانات کو بھجوایا جاتا ہے۔اس میں بہت سی اہم ہدایات ایسی ہیں جن سے ارباب مدارس رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ چنانچہ حضرت کا یہ مکتوب مدارس کے استفادہ کے لئے ماہنامہ وفاق میں من وعن شائع کیا جارہا ہے۔

---

محترم ومکرم حضرت.............................................................. زید مجدکم

مسئول.............................................................................................

**السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!**

امید ہے مزاج گرامی بعافیت ہونگے۔

وفاق المدارس کے درجہ کتب کے سالانہ امتحانات ۲۷ رجب تا ۲ شعبان ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۶ تا ۲۱ مئی ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ تا جمعرات جبکہ درجہ حفظ کے امتحانات ۱۶ تا ۲۵ رجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۵ تا ۱۴ مئی ۲۰۱۵ء ہوں گے، ان شاء اللہ۔آپ نگران عملہ وممتحنین حفظ کا تقرر، ان کی تربیت، مراکز امتحان کا تقرر اور دورانِ امتحان مراکز کا معائنہ اور نگران عملہ کو ,,وفاق،، کے قواعد وضوابط وہدایات سے آگاہ فرمائیں گے، تاکہ وہ ان پر عملدرآمد کرا سکیں۔

## امتحانی مراکز کا قیام

☆......مراکز کے قیام میں ضوابط کا خیال رکھا جائے۔مراکز کے مابین فاصلہ اور علاقہ کی کیفیت (شہری یا دیہاتی)، ہال کی کشادگی اور دیگر سہولیات کو ملحوظ رکھا جائے۔شہر کے اندر بنات کے ایسے ادارے جن کی مسافت دوسرے سنٹر سے پانچ کلومیٹر سے زائد ہو اور ان کی اپنی تعداد پچاس ہو ان کو حسب مطالبہ سنٹر دیا جائے۔مسافت کم ہونے کی صورت میں سنٹر میں شریک مدارس کی مجموعی تعداد ایک سو سے کم ہو تو سنٹر نہ دیا جائے۔نظم امتحان کو بہتر اور مثالی بنانے کے لئے مراکز امتحان کی تعداد کم رکھی جائے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## نگران عملہ کا تقرر

☆......نگران عملہ کے تقرر میں وفاق کے مفاد اور معیار کو ترجیح دی جائے۔ افراط وتفریط سے کام نہ لیا جائے۔ حسب ضابطہ امتحانی مراکز میں ملحقہ مدارس کے درجہ کتب کے اساتذہ کو نگران مقرر کیا جائے۔ استحقاق کے مطابق ملحقہ مدارس سے باعتماد، دیانتدار، سنجیدہ اور امتحانی امور سرانجام دینے کی صلاحیت رکھنے والا نگران عملہ لیا جائے۔ جس مدرسہ کے طلبہ جس سنٹر میں ہوں وہاں اس مدرسہ کے اساتذہ کو نگران مقرر نہ کیا جائے۔ غیر ملحق مدرسہ کے مدرس اور غیر مدرس کو نگران ہرگز مقرر نہ کیا جائے۔ نگران عملہ کے ساتھ مدرسہ کا الحاق نمبر اور موبائل نمبر درج فرمائیں۔

☆......نیز عالمیہ کے امتحانی مرکز میں عالمیہ تک پڑھانے والے استاد مقرر کیے جائیں۔ مسلسل سالہا سال تک ایک سنٹر میں ایک ہی نگران عملہ مقرر نہ کیا جائے۔ اگر کوئی نگران خدمت سے معذرت کرے تو اس کے متبادل کا تقرر کر کے دفتر وفاق کو اطلاع دی جائے۔

## حفظ القرآن الکریم کے ممتحن کا تقرر

☆......حفظ القرآن الکریم کے لئے ملحق مدارس سے ایسے ممتحنین کا تقرر کریں جو تمام وابستگیوں سے بالاتر ہو کر، کسی دباؤ میں آئے بغیر ضوابط کے مطابق امتحان لیں۔ ممتحن کے لئے تحفیظ وتجوید کا مدرس، تجربہ کار اور دیانتدار ہونا ضروری ہے۔ نیز متعلقہ مدارس اگر پانی پتی طرز کے ہوں تو پانی پتی ممتحن مقرر کریں۔ اور اگر مصری طرز کے ہوں تو ویسا ہی ممتحن مقرر کریں۔

## حافظات کے لئے ممتحنہ قاریہ کا تقرر

☆......بنات کے امتحان کیلئے قاریہ معلمہ کا تقرر کیا جائے۔ اگر مستعد، دیانتدار خاتون میسر نہ ہو تو عمر رسیدہ مرد ممتحن اس طرح امتحان لے کہ بچیوں کے ساتھ پردہ میں ایک خاتون موجود رہے، تاکہ کوئی بچی قرآن کریم دیکھ کر یا کسی دوسری کی جگہ نہ سنائے۔

☆......امتحان کے دنوں میں عذر شرعی کی وجہ سے معذور طالبات کا امتحان ایام مخصوصہ کے بعد دوبارہ لیا جائے۔

## امتحان درجہ حفظ

☆......تحفیظ کے مراکز بناتے وقت مدارس کی سہولت کو مدنظر رکھا جائے، تاہم پچاس سے کم تعداد پر مرکز نہ بنایا جائے۔ ہر مرکز میں ایک ممتحن اعلیٰ مقرر کیا جائے۔ ممتحنین حفظ یومیہ ۲۵ سے ۴۰ طلباء کا امتحان لیں۔ حفظ کے داخلہ فارم پر دی گئی ہدایات کے مطابق امتحان لیا جائے اور انہیں ضوابط کے مطابق نمبر دیے جائیں۔ دوران امتحان طلبہ کا شناخت نامہ چیک کر کے تسلی کرے کہ کوئی پرائیویٹ یا متبادل یا دوبارہ امتحان تو نہیں دے رہا۔ اگر کوئی بے ضابطگی کی شکایت ہو تو ممتحن اعلیٰ حسب ضابطہ مکمل تحقیق کے بعد رپورٹ تحریر کریں۔

## نتائج حفظ وامتحانی فائل (کتب) کی دفتر کو ترسیل

☆......امتحان کے بعد ممتحن اعلیٰ نتائج حفظ آپ کے حوالے کرے۔ جس پر آپ تصدیقی دستخط کر کے ایک کاپی


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اصل نتائج دفتر وفاق کو ارسال فرمائیں۔ نیز درجہ کتب کے امتحان کے اختتام پر نگران اعلیٰ سنٹر کی فائل آپ کے حوالے کریں اور آنجناب "دفتر وفاق" کو ارسال فرمائیں۔

## سوالیہ پرچہ جات کی تقسیم

☆......سوالیہ پرچوں کی حفاظت اور انہیں محفوظ ہاتھوں تک پہنچانے میں اکابرین وفاق،، کی شبانہ روز کاوشوں کا بہت بڑا حصہ ہے۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ قبل از وقت کسی سوال کا افشاء نہ ہو۔ آنجناب سے بھی دست بستہ گزارش ہے کہ ان پرچوں کی حفاظت قیمتی سے قیمتی متاع سے بھی بڑھ کر کی جائے۔

☆......سوالیہ پرچہ جات اصالتاً مسئولین کو سپرد کیے جائیں گے۔ معتمدین کے ذریعے سوالیہ پرچے مراکز تک پہنچانا لازم ہے۔ تمام پرچے ایک ہی وقت میں نگران اعلیٰ کے حوالے نہ کیے جائیں۔ پرچے کا وقت شروع ہونے سے آدھا گھنٹہ پہلے پرچہ پہنچایا جائے۔ نیز آدھا گھنٹہ سے قبل یا مقررہ وقت سے تاخیر بھی نہ ہو۔

## معتمد کا تقرر

☆......مراکز تک سوالیہ پرچہ پہنچانے کے لئے مسئول اپنی صوابدید پر معتمد کا تقرر کرے گا۔ ایسے علاقے جہاں روزانہ کی بنیاد پر پرچے پہنچانا ممکن نہ ہو وہاں مستقل معتمد (ماسوائے نگران اعلیٰ) مقرر کیا جائے اس کی اطلاع دفتر کو کرنا ضروری ہوگی۔

☆......نگران اعلیٰ کو اصولی طور پر معتمد نہیں بنایا جائے گا۔ البتہ نگران اعلیٰ اپنے سنٹر کا پرچہ مسئول سے وصول کر سکتا ہے، لیکن اضافی حق الخدمت کا مستحق نہیں ہوگا۔ معاون نگران کو بھی صرف ناگزیر صورت میں اپنے سنٹر کے علاوہ معتمد بنایا جا سکتا ہے اور اس صورت میں وہ اضافی حق الخدمت کا مستحق ہوگا۔

## معتمد کا حق الخدمت

☆......ایک یا دو مراکز تک پرچے پہنچانے والے معتمد کو حسب سابق 1400 روپے ادا کئے جائیں گے اور اگر جوابی کاپیاں بھی وصول کرے تو معاون نگران کے مساوی یعنی 2000 روپے کا مستحق ہوگا۔

☆......3 سے 5 مراکز تک پرچے پہنچانے والے معتمد کو معاون نگران کے مساوی حق الخدمت (2000 روپے) دیا جائے گا۔ جبکہ 5 سے زائد مراکز کی صورت میں فی مرکز 200 روپے اضافی حق الخدمت کا حق دار ہوگا۔ 3 سے 5 مراکز تک سوالیہ پرچہ پہنچانے اور جوابی کاپیاں بھی وصول کرنے کی صورت میں 2800 روپے حق الخدمت ادا کیا جائے۔ جبکہ 5 سے زائد مراکز کی صورت میں فی مرکز 300 روپے اضافی حق الخدمت کا حقدار ہوگا۔

☆......دور دراز دیہی علاقوں میں معتمد کا حق الخدمت نگران اعلیٰ کے مساوی ہوگا۔ شہری علاقوں میں قریبی مراکز کے لئے الگ الگ معتمد مقرر نہ کیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

### مراکز کے معائنہ کار کا حق الخدمت

☆......مرکز کا معائنہ کرنے والے مرد و خواتین کا حق الخدمت 600 روپے یومیہ ہوگا۔ "وفاق" کے عہدیداران، اراکین مجلس عاملہ و امتحانی کمیٹی کے اراکین اگر مراکز کا معائنہ کریں گے تو ان کا یومیہ حق الخدمت 800 روپے ہوگا۔

### نگران عملہ کا حق الخدمت

☆......درجہ کتب کے نگران اعلیٰ کا حق الخدمت مبلغ -/۲۸۰۰ روپے اور معاون نگران کا -/۲۰۰۰ روپے ہے۔ سفر خرچ کی مد میں -/۱۰۰۰ روپے سے زائد ادا نہیں کیے جائیں گے۔ تاہم اس سے زیادہ کرایہ خرچ ہونے کی صورت میں مسئول کی سفارش پر ادا کیا جائے گا۔ نگران خواتین کے ساتھ آنے والے محرم مرد کو صرف دو مرتبہ آمد و رفت کا کرایہ ادا کیا جائے گا۔

### حفظ القرآن الکریم کے ممتحنین کا حق الخدمت

☆......حفظ القرآن الکریم کے ممتحنین کا حق الخدمت -/۵۰۰ روپے اور ممتحن اعلیٰ کا حق الخدمت -/۶۰۰ روپے یومیہ ہوگا۔

### مسئولین کا حق الخدمت

☆......درجہ کتب کے مسئولین کا حق الخدمت ایک تا دس مراکز چودہ ہزار روپے اور بیس مراکز تک بیس ہزار روپے ہے۔ مزید اضافی مراکز پر چار سو روپے فی مرکز ہے۔ جبکہ مسئولین حفظ کا حق الخدمت مبلغ چودہ ہزار روپے ہے۔

☆......جو مسئولین دونوں شعبہ جات (حفظ و کتب) کے امتحانات کے ذمہ دار ہیں ان کو درجہ کتب کا مکمل حق الخدمت اور درجہ حفظ کا نصف حق الخدمت ادا کیا جائے گا۔ اسی طرح ضمنی امتحان میں مسئولین کو ایک تا دو مراکز پر 3500 روپے جبکہ 3 یا اس سے زائد مراکز پر سات ہزار روپے ادا کیے جائیں گے۔

### امتحانی اخراجات کی ادائیگی

☆......نگران عملہ اور ممتحنین حفظ کے اخراجات کی مکمل پڑتال کے بعد ادائیگی کریں۔ ادائیگی کے بل اور دیگر حسابات کی تفصیل محفوظ ذریعہ ڈاک (T.C.S.) سے بنام محاسب دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن ملتان ارسال فرمائیں۔ (جملہ اخراجات کے بلوں کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)

نوٹ:......کسی قسم کی وضاحت کیلئے احقر یا ناظم مرکزی دفتر "وفاق" ملتان سے مراجعت فرمالیں۔ آپکا تعاون ہی ہمارے لیے حسن انتظام کا ضامن ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ والسلام

(مولانا) محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

☆......☆......☆


© rasailojaraid.com